جامعُ الصِّفات نبی

مُفسّرِ اعظم، پیر طریقت، رہبر شریعت، رئیس التحریر

مصنف

حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی صاحب مدظلہ

سعادتِ اہتمام

محمد امان اویسی ، محمد عمیر اویسی

بزمِ فیضانِ اویسیہ (باب المدینہ، کراچی)

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف

فیض ملت، آفتابِ اہلسنت، امام المناظرین، رئیس المصنفین

حضرت علامہ الحافظ مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ العالی

باہتمام

محمد امان اویسی

محمد عمیر اویسی

ناشر

بزمِ فیضانِ اُویسیہ، باب المدینہ (کراچی)

نام کتاب

﴿جامع الصفات نبی﴾

مصنف

فیض ملت، آفتابِ اہلسنت، امام المناظرین، رئیس المصنفین

حضرت علامہ الحافظ مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ العالی

باہتمام : محمد امان اویسی ، محمد عمیر اویسی

اشاعت : ذوالحجۃ 1427ھ ، جنوری 2007ء

کمپوزر : محمد سلمان رضا عطاری

ٹائٹل ڈیزائنگ: الریحان گرافکس

فون موبائل: 0300-2809884 0300-2809883

پروف ریڈنگ: ابوالرضا محمد طارق قادری عطاری (0300-2218289)

ناشر : بزمِ فیضانِ اُویسیہ، باب المدینہ (کراچی)

﴿مفت کتاب حاصل کرنے کا پتہ﴾

M-125 جیلانی سینٹر، میری ویدر ٹاور، کراچی

موبائل : 0322-8621281-6

پی او بکس نمبر 4069#

(جوابی لفافہ ساتھ ارسال فرمائیں)

فہرست مضامین

پیش لفظ

الحمدللہ علیٰ فضلہٖ واحسانہٖ ، بزمِ فیضانِ اُویسیہ گذشتہ 10 سال سے مسلکِ اہلسنّت والجماعت کی ترویج واشاعت کے لئے دن رات مصروفِ عمل ہے جس کی سرپرستی پیرِ طریقت ، رہبرِ شریعت شیخ الحدیث والقرآن محدث وقت حضرت علامہ ابوالصالح پیر مفتی محمد فیض احمد اُویسی مدظلہ العالی فرمارہے ہیں۔ آپ نے اس دورِ پرفتن میں "3000" سے زائد کتابیں تحریر فرمائیں جن میں نصف سے زائد غیر مطبوعہ ہیں۔

زیرِ نظر رسالہ "جامع الصفات نبی" یہ رسالہ بزمِ فیضانِ اُویسیہ کی اشاعت کی چوتھی پیشکش ہے مولیٰ عزوجل اسے اپنی بارگاہ میں مقبولیت کا شرف بخشے، مصنف استاذی وسندی کو اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ لبیب ﷺ کے طفیل صحت وعافیت کے ساتھ اجرِ عظیم عطا فرمائے کہ مجھے اس قابل سمجھ کر اشاعت کی اجازت مرحمت فرمائی۔

آمین بجاہِ طٰہٰ ویٰسین

ناظمِ اعلیٰ وسگِ درگاہِ اُویسی

محمد جعفر نوید اُویسی

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم ۔ امابعد!

حضرات! آج فقیر کی تقریر کا موضوع ہے ؎

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

اسی لئے اس کا نام ''جامع الصفات نبی'' رکھا۔ اس سے قبل فقیر کی تصنیف ''تنہاداری'' شائع ہو چکی ہے ارادہ ہوا کہ اس کا خلاصہ کر کے شائع کروں۔ عزیزم الحاج محمد جعفر اویسی سلمہٗ ربہٗ اسکی اشاعت کے لئے آگے بڑھے۔ ان کے رفقاء نے ہمت کر کے اسے شائع کر دیا۔ (فجزا ھم اللّٰہ خیر الجزاء)

وما توفیقی الاباللّٰہ العلیٰ العظیم

وصلی اللّٰہ تعالیٰ وسلم علی رسولہ الکریم الامین وعلیٰ آلہ الطیبین واصحابہ الطاھرین .

مدینے کا بھکاری الفقیر القادری ابوالصالح

محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

۲۳ ذیقعد ۱۴۲۷ھ

خوبی وشکل وشمائل وحرکات وسکنات

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام وخصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
1	سیدنا آدم علیہ السلام آپ کو اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں کے ناموں کا علم دیا، آپ کو فرشتوں نے سجدہ کیا۔	سیدنا ومولانا محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ آپ کو اللہ تعالیٰ نے اسماء کے علاوہ مسمیات کا بھی علم دیا جیسا کہ حدیث طبرانی ومسند فردوس کے حوالہ سے پہلے آچکا ہے آپ پر اللہ تعالیٰ اور اللہ کے فرشتے درود بھیجتے رہتے ہیں اور مومنین بھی سلام ودرود بھیجتے ہیں یہ اشرف اتم واکمل ہے کیونکہ سجدہ تو ایک دفعہ ہوکر منقطع ہوگیا اور درود وسلام ہمیشہ کے لئے جاری ہے اور اتم بھی ہے کیونکہ سجدہ تو صرف فرشتوں سے ظہور میں آیا اور درود میں اللہ تعالیٰ اور فرشتے اور مومنین شامل ہیں علاوہ ازیں امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اس لئے سجدہ کا حکم دیا تھا کہ نور محمدی ﷺ حضرت آدم علیہ السلام کی پیشانی میں تھا۔
2	سیدنا ادریس علیہ السلام	ہمارے نبی پاک ﷺ
	حضرت ادریس علیہ السلام آپ کو اللہ تعالیٰ نے آسمان پر اٹھایا۔	آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے شب معراج میں آسمانوں کے اوپر مقام قاب قوسین تک اٹھایا۔

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام و خصوصیات	حضور سرورِ عالم ﷺ کی خصوصیات
3	سیدنا نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ نے آپ کو اور آپ پر ایمان لانے والوں کو غرق ہونے سے نجات دی۔	آپ ﷺ کے وجود کی برکت سے آپ کی امت عذابِ استیصال سے محفوظ رہی۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيهِمْ . یعنی، اللہ تعالیٰ ان کو عذاب نہیں دینے کا جس حال میں کہ آپ اُن میں موجود ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے کشتی نوح کو بھی آپ ہی کے نور کی برکت سے غرق ہونے سے بچایا کیونکہ اس وقت نور محمدی ﷺ حضرت سام کی پیشانی میں تھا۔ (زرقانی علی المواہب، ص ۵۴ ج ۳)
4	سیدنا ھود علیہ السلام	حضور نبی پاک ﷺ
	آپ کی مدد کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہوا بھیجی۔	آپ ﷺ نے فرمایا کہ بادِ صبا سے میری مدد کی گئی اور قوم عاد مغربی ہوا سے ہلاک کی گئی۔ (خصائص کبریٰ، صیحین، ص ۲۳۸)
5	سیدنا صالح علیہ السلام	جامع کمالات حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ
	کے لئے اللہ تعالیٰ نے پتھر میں سے اونٹنی نکالی۔ ☆ آپ فصاحت میں یگانہ روزگار تھے۔	اونٹ نے آپ ﷺ کی اطاعت کی اور آپ سے کلام کیا۔ ☆ فصاحت میں کوئی آپ ﷺ کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا۔

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام وخصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
6	سیدنا ابراھیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے آگ ٹھنڈی کردی۔	آپ ﷺ ہی کے نور کی برکت سے ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام پر آگ ٹھنڈی ہوگئی آپ کی ولادت شریف پر فارس کی آگ جو ہزار برس سے نہ بجھی تھی گُل ہوگئی۔ شب معراج میں کرہ نار سے آپ کا گزر ہوا اور کوئی تکلیف نہ پہنچی۔ آپ کی امت میں بھی ایسے بزرگ گزرے ہیں کہ آگ میں ڈالے گئے اور سلامت رہے چنانچہ ابو مسلم خولانی وذویب بن کلیب وغیرہ۔ (وردت نار الخلیل مکتما فی صلبه انت کیف یحترق. حضرت ابراہیم خلیل اللہ آگ میں پوشیدہ داخل ہوئے آپ ان کی پشت میں تھے کیسے جل سکتے تھے، طبرانی وغیرہ نے اس قصہ کو روایت کیا ہے۔ مواہب، زرقانی، خصائص کبریٰ، ص ۷۹، ج ۱۔ زرقانی علی المواھب، ص ۱۹۳، ج ۵۔ تفصیل فقیر کے رسالہ "مصدر السرور" میں ہے)
	☆ آپ کو مقامِ خلت عطا ہوا اسی واسطے آپ کو خلیل اللہ کہتے ہیں۔	☆ آپ کو درجہ خلت عطا ہوا اور اس سے بڑھ کر درجہ حبیب اللہ کا ہے۔
	☆ آپ نے اپنی قوم کے بت خانے کے بت توڑے۔	☆ آپ نے خانہ کعبہ کے گرد اور اوپر جو تین سو ساٹھ بت نصب تھے محض ایک لکڑی کے اشارے سے یکے بعد دیگرے گرادیئے۔

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام وخصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
	☆ آپ علیہ السلام نے خانۂ کعبہ کی تعمیر فرمائی۔	☆ آپ ﷺ نے بھی خانۂ کعبہ کی تعمیر فرمائی اور حجر اسود کو اس جگہ پر رکھ دیا تاکہ آپ کی امت کے لوگ طواف وہاں سے شروع کریں۔
7	سیدنا اسماعیل علیہ السلام	حضور نبی پاک ﷺ
	آپ کو والد بزرگوار ذبح کرنے لگے تو آپ علیہ السلام نے صبر کیا۔	اس کی نظیر آنحضرت ﷺ کا شق صدر ہے جو وقوع میں آیا حالانکہ ذبح اسماعیل وقوع میں نہ آیا بلکہ ان کی جگہ دنبہ ذبح کیا گیا۔
8	سیدنا یعقوب علیہ السلام	جامع کمالات حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ
	آپ کو جب برادرانِ یوسف نے خبر دی کہ یوسف کو بھیڑیا کھا گیا ہے تو آپ نے بھیڑیے کو بلا کر پوچھا۔ بھیڑیا بولا میں نے یوسف کو نہیں کھایا۔ (روح البیان، پ۱۲، خصائص کبریٰ، ص ۱۸۲ ج ۲)	آپ ﷺ سے بھیڑیئے نے کلام کیا۔

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام و خصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
	☆ حضرت یعقوب علیہ السلام فراقِ یوسف میں مبتلا ہوئے اور صبر کیا یہاں تک کہ غم کے مارے آپ کی آنکھیں سفید ہو گئیں اور قریب تھا کہ مضمحل یا ہلاک ہو جاتے۔	☆ آپ ﷺ اپنے صاحبزادے ابراہیم رضی اللہ عنہ کی دائمی مفارقت میں مبتلا ہوئے مگر آپ نے صبر کیا حالانکہ اس وقت اور کوئی صاحبزادہ آپ کا نہ تھا۔
9	حضرت یوسف علیہ السلام	حضور نبی پاک ﷺ
	آپ کو اللہ تعالیٰ نے بڑا حُسن و جمال عطا فرمایا۔	آپ ﷺ کو ایسا حسن عطا ہوا کہ کسی کو نہیں ہوا، حضرت یوسف علیہ السلام کو تو نصف حسن ملا تھا مگر آپ کو تمام ملا۔
	☆ آپ خوابوں کی تعبیر کرتے تھے مگر قرآن مجید میں صرف تین خوابوں کی تعبیر وارد ہے۔	☆ آپ ﷺ سے تعبیر رویاء کی کثیر مثالیں احادیث میں مذکور ہیں۔
	☆ آپ اپنے والدین اور وطن کے فراق میں مبتلا ہوئے۔	☆ آپ ﷺ نے اھل اور رشتہ داروں اور دوستوں اور وطن کو چھوڑ کر ہجرت کی۔

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام و خصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
10	سیدنا ایوب علیہ السلام آپ علیہ السلام صابر تھے۔	صبر میں آپ ﷺ کے احوال حصر سے خارج ہیں۔
11	سیدنا موسیٰ علیہ السلام	حضور نبی پاک ﷺ
	حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ید بیضا عطا ہوا۔	آپ ﷺ کی پشت مبارک پر مہر نبوت تھی علاوہ ازیں آپ سراپا نور تھے اگر آپ نے نقاب بشریت نہ اوڑھا ہوتا تو کوئی جمال کی تاب نہ لاتا۔
	☆ آپ نے عصا مار کر پتھر سے پانی جاری کر دیا۔	☆ آپ ﷺ نے انگلیوں سے چشموں کی طرح پانی جاری فرمایا اور یہ اس سے بڑھ کر ہے کیونکہ پتھر سے پانی نکلنا متعارف ہے مگر خون و گوشت میں متعارف نہیں۔
	☆ آپ کو عصا عطا ہوا جو اژدھا بن جاتا تھا۔	☆ ستون حنانہ جو کھجور کا ایک خشک تنا تھا آپ کے فراق میں رویا اور اس سے بچے کی سی آواز نکلی جو ماں کے فراق میں رو رہا ہو۔
	☆ آپ نے کوہِ طور پر اپنے رب تعالیٰ سے کلام فرمایا۔	☆ آپ نے عرش پر مقام قاب قوسین میں اپنے رب تعالیٰ سے کلام کیا اور دیدار الٰہی سے بھی بہرہ ور ہوئے اور حالت تمکین میں رہے۔ موسیٰ زہوش رفت بہ یک بر توصفات تو عین ذات مے نگری در تبسمی
	☆ آپ نے عصا سے بحیرۂ قلزم کو دو پارہ کر دیا۔	☆ آپ ﷺ نے انگشت شہادت سے چاند کو دو ٹکڑے کر دیا۔ معجزۂ کلیم تو زمین پر تھا اور یہ آسمان پر، وہاں عصا کا سہارا تھا اور یہاں صرف انگلی کا اشارہ تھا۔

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام و خصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
12	**حضرت یوشع علیہ السلام** آپ کے لئے آفتاب ٹھہرایا گیا۔	آپ ﷺ کے لئے بھی آفتاب غروب ہونے سے روکا گیا۔
	☆ آپ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد جبارین سے بات کی۔	☆ آپ ﷺ نے بدر کے دن جبارین سے جہاد کیا وران پر فتح پائی، آپ ﷺ وفات شریف تک جہاد کرتے رہے اور جہاد قیامت تک آپ ﷺ کی امت میں جاری رہے گا۔
13	**حضرت داؤد علیہ السلام**	**حضور نبی پاک ﷺ**
	آپ کے ساتھ پہاڑ تسبیح پڑھتے تھے۔	آپ ﷺ کے ہاتھ مبارک میں سنگریزوں نے تسبیح پڑھی بلکہ آپ نے دوسروں کے ہاتھ میں بھی کنکروں سے تسبیح پڑھوادی، اس بڑھ کر یہ ہے کہ آپ کے طعام میں سے تسبیح کی آواز آیا کرتی تھی کیونکہ پہاڑ تو خشوع خضوع سے متصف ہے مگر طعام سے تسبیح معہود نہیں۔
	☆ پرندے آپ کے لئے مسخر کردیئے گئے۔	☆ پرندوں کے علاوہ حیوانات اونٹ، بھیڑیئے، شیر وغیرہ آپ کے لئے مسخر اور مطیع کردیئے گئے۔
	☆ آپ کے ہاتھ میں لوہا موم کی طرح نرم ہوجاتا تھا۔	☆ آپ ﷺ کے لئے شب معراج میں صخرۂ بیت المقدس خمیر کی مانند ہوگیا تھا پس آپ نے اس سے براق باندھا۔ (دلائل حافظ ابونعیم اصفہانی)

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام و خصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
	آپ علیہ السلام نہایت خوش آواز تھے۔	آپ ﷺ بھی نہایت خوش آواز تھے، چنانچہ ترمذی شریف نے حدیث انس میں نقل کیا ہے "و کان نبیکم احسنهم وجها و احسنهم صوتاً"۔
14	سیدنا سلیمان علیہ السلام	حضور نبی پاک ﷺ
	آپ علیہ السلام کو ملکِ عظیم عطا ہوا۔	آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا کہ نبوت کے ساتھ ملک لیں یا عبودیت، آپ ﷺ نے عبودیت کو پسند فرمایا با ایں ہمہ اللہ تعالیٰ نے خزائن الارض کی کنجیاں آپ کو عطا فرمائیں اور آپ کو اختیار دیا ہے۔
	☆ آپ کے تخت کو جہاں چاہتے ہوا اڑا لے جاتی، صبح سے زوال تک ایک مہینہ کی مسافت اور زوال سے شام تک ایک مہینہ کی مسافت طے کرتے تھے۔	☆ آپ ﷺ کو شبِ معراج میں براق عطا ہوا جو ہوا بلکہ بجلی سے بھی تیز رفتار تھا۔
	☆ جن بقہر و غلبہ آپ کے مطیع تھے آپ پرندوں کی بولی سمجھتے تھے۔	☆ جن بہ رضا و رغبت آپ ﷺ پر ایمان لائے، آپ اونٹ بھیڑیئے وغیرہ حیوانات کا کلام سمجھتے تھے، آپ ﷺ سے پتھر نے کلام کیا جسے آپ نے سمجھ لیا۔
15	سیدنا عیسیٰ علیہ السلام	جامع کمالات حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ
	آپ مُردوں کو زندہ	آپ ﷺ نے مُردوں کو زندہ اور اندھوں کو بینا اور

نمبر شمار	انبیاء کرام کے نام و خصوصیات	حضور سرور عالم ﷺ کی خصوصیات
	☆ اور اندھوں کو بینا کوڑھیوں کو اچھا کر دیتے تھے۔	☆ کوڑھیوں کو اچھا کیا۔ اور جب خیبر فتح ہوا تو وہاں کی ایک یہودیہ عورت نے آپ ﷺ کو زہر آلودہ بکری کا گوشت بطور ہدیہ بھیجا، آپ ﷺ نے بکری کا بازو لیا اور اس میں سے کچھ کھایا، وہ بازو بولا کہ مجھ میں زہر ڈالا گیا ہے یہ مردے کو زندہ کرنے سے بڑھ کر ہے کیونکہ یہ میت کے ایک جزو کا زندہ ہونا ہے حالانکہ اس کا بقیہ جو اس سے منفصل تھا مردہ ہی تھا۔
	☆ آپ نے مٹی سے پرندہ بنایا۔	☆ غزوہ بدر میں حضرت عکاشہ بن محص کی تلوار ٹوٹ گئی آپ ﷺ نے اُن کو ایک خشک لکڑی دے دی جب انہوں نے اپنے ہاتھ میں لے کر ہلائی تو وہ سفید مضبوط لمبی تلوار بن گئی۔
	آپ نے گہوارہ میں لوگوں سے کلام کیا۔	☆ آپ ﷺ نے ولادت شریف کے بعد کلام کیا۔
	☆ آپ بڑے زاہد تھے۔	☆ آپ ﷺ کا زہد سب سے زیادہ تھا۔

آخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ وسلم علیٰ حبیبه سید المرسلین وعلی آله واصحابه اجمعین۔

☆☆☆☆☆

خاتمہ

نمونہ کے طور پر چند انبیاء ورسل علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے کمالات کے ساتھ حضور نبی کریم ﷺ کے کمالات عرض کئے ہیں۔ تفصیل کے لئے فقیر کی تصنیف ''تنہاداری'' کا مطالعہ کیجئے۔

مولیٰ عزوجل قبول فرمائے۔ بجاہِ حبیبہ الکریم ﷺ

فقیر القادری ابوالصالح

محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہٗ

۲۳ ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ

☆☆☆☆☆

﴿گزارش﴾

اس کتاب میں اگر کہیں کتابت کی کوئی غلطی نظر آئے تو اُسے ازراہِ کرم اپنے قلم سے خود درست کرلیجئے گا۔ یا ناشر کے پتے پر اطلاع فرمائیں تاکہ دوسرے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے۔

شکریہ

(اراکینِ بزمِ فیضانِ اُویسیہ)

ایمان کی حفاظت

الحمد للہ! اس پُرفتن دور میں ایسے بھی اللہ عزوجل کے ولی کامل موجود ہیں جو لوگوں کے ایمان کی حفاظت کی فکر میں لگے رہتے ہیں انہی ولی کامل نے ارشاد فرمایا کہ روزانہ اس طرح توبہ کرلیا کرو۔

یا اللہ عزوجل! اگر مجھ سے کوئی کلمۂ کفر سرزد ہوگیا ہو تو میں اُس سے توبہ کرتا ہوں، اور سچے دل کے ساتھ کہتا ہوں:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہ

اراکین بزمِ فیضانِ اُویسیہ

باب المدینہ (کراچی)

☆☆☆ ☆☆☆